سوال

ایک شخص نے مناسک حج ادا کرلیے ہیں، لیکن وہ کچھ دن مزید مکہ مکرمہ میں قیام کرے گا۔ اسی دوران وہ طائف سے عمرہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو کیا طواف وداع کرنا ہوگا؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

طواف وداع حج کے واجبات میں سے ہے۔ اگر انسان مناسک حج ادا کرنے کے بعد مکہ مکرمہ سے جانا چاہتا ہو تو مکہ مکرمہ چھوڑنے سے پہلے سب سے آخری کام جو اس پر کرنا لازم ہے وہ طواف وداع ہے۔

سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

أُمِرَ النَّاسُ أَنْ يَكُونَ آخِرُ عَهْدِهِمْ بِالْبَيْتِ إِلَّا أَنَّهُ خُفِّفَ عَنِ الْحَائِضِ (صحيح البخاري، الحج: 1755، صحيح مسلم، الحج: 1328)

لوگوں کو حکم دیا گیا کہ سب سے آخر میں ان کا عمل بیت اللہ کا طواف ہو مگر ایام ماہواری والی عورت سے تخفیف کی گئی ہے۔

لہذا اگر انسان طائف والوں کے میقات سے عمرہ کی نیت کرنے کے لیے مکہ مکرمہ سے باہر جانا چاہتا ہے تو طواف وداع کر کے جائے گا۔ اگر وہ طواف وداع کیے بغیر مکہ مکرمہ چھوڑ دے گا تو اس پر دم لازم آئے گا۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ